www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



ابوشاھد ایم اے
مولانا عزیز زبیدی

# تعارف و تبصرہ کتب

انسان کامل :- مؤلف : پروفیسر خالد علوی ایم اے، ایم - او - ایل

ناشر :- یونیورسٹی بک ایجنسی - ۱۹۴ - انارکلی - لاہور

قیمت :- ۲۶/ روپے   صفحات : ۶۷۶

امتِ مسلمہ تہذیبی بحران کا شکار ہے۔ اخلاقی لحاظ سے ہم مغربیت میں رنگے جا رہے ہیں اباحیت، تجدد اور لادینی افکار و نظریات ہم پر یلغار کیے ہوئے ہیں۔ قدرتی وسائل اور بے پناہ انسانی قوت کے باوجود مسلم دنیا فلاکت و غربت سے پیچھا نہیں چھڑا سکی۔ غربت و افلاس کا علاج مختلف "ازموں" کو اپنا کر ڈھونڈا جا رہا ہے مگر امتِ مسلمہ کی زندگی سنورنے کے بجائے مزید بگڑتی جا رہی ہے سیاسی طور پر اسلامی ممالک مغربی جمہوریت کے دام میں پھنسے ہیں یا آمریت کے نرغے میں ہیں۔ سماجی طور پر اسلامی اقدار آہستہ آہستہ دم توڑتی جا رہی ہیں۔ ان حالات میں جب امتِ مسلمہ ایک ہیبت ناک اندھیرے میں ٹامک ٹوئیاں مار رہی ہے۔ اس کے احیاء اور روبہ ترقی ہونے کے لیے کوئی نسخہ تجویز کیا جا سکتا ہے تو وہ صرف یہ ہے کہ ہم خالقِ کائنات کے فرمان کو آویزۂ گوش بنائیں اور اپنی سوچ فکر اور عمل کو اس پر مرکوز کر دیں۔

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلاریب زندگی کے ہر میدان میں اسوۂ کامل ہیں۔ انھوں نے انسان کی دنیوی و اخروی زندگی کی فلاح کے لیے جو پیغام پیش کیا اسے عملی جامہ پہنا کر واضح کر دیا کہ یہی آبِ حیات ہے اور جاہلیت (قدیمہ و جدیدہ) کو اپنا کر انسان سکھ اور آرام کا سانس نہیں لے سکتا۔ خوش نصیب اور قابلِ صد مبارک باد ہیں وہ لوگ جو یہ جوت جگانے میں منہمک ہیں۔

فاضل مؤلف ان ہی لوگوں میں سے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو دورِ جدید میں کامیابی کی کلید سمجھتے ہیں۔ انھوں نے زیرِ نظر بلند پایہ تالیف کے پہلے باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


کی زندگی کے اہم واقعات کو سمیٹ لیا ہے اور اس سلسلے میں تحقیق و تنقید کے معروف اصولوں کو پیش نظر رکھا ہے۔ ہر روایت اور بیان پر محدثانہ نقد و جرح سے کام لے کر اخذ و تردید کی ہے۔

اجتماعی تبصرہ کے بعد فاضل مؤلف نے نبی اکرم کی مختلف حیثیتوں۔ ذی وقار شہری، تاجر، خطیب، مبلغ و داعی، سپہ سالار، داعی انقلاب، مقنن و منصف اور سربراہِ خاندان وغیرہ ——— سے ان کے پیغامِ عمل کو واضح کیا ہے اور کتاب کا یہ حصہ فکر انگیز اور از حد جاذبِ قلب و ذہن ہے ان ابواب سے یہ بات نکھر کر سامنے آ جاتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی تمام مادی پہلوؤں میں مکمل نمونہ ہے اور آج بھی ان کے طرزِ عمل کو اپنا کر فلاح و کامرانی حاصل کی جا سکتی ہے۔

فاضل مؤلف پروفیسر خالد علوی صاحب علمی حلقوں میں جانے پہچانے ہیں۔ اس سے قبل ان کے قلم سے دینی مسائل پر بیسیوں مضامین اور مفید کتابیں اہلِ علم کے سامنے آ چکی ہیں۔ اندازِ تحریر سادہ اور عام فہم ہے۔ بلا مبالغہ ایک عالم اور عام آدمی یکساں طور پر لطف اٹھائیں گے۔ کہیں کہیں کتابت کی غلطیاں ملتی ہیں۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں درست کر دی جائیں گی۔

(۲)

اشرف المناسک ملقب بہ مناسکِ حج — مؤلف : مولانا محمد اشرف علی قریشی

ناشر :- شعبۂ تالیف و تصنیف دار العلوم جامعہ اشرفیہ پشاور

صفحات : ۲۷۰ — قیمت : چار روپے صرف

حج امتِ مسلمہ کی ایک اہم عبادت ہے جس میں صبر و استقامت، جہاد و عزیمت، باہمی محبت و مودت، ضبطِ نفس اور تزکیۂ اخلاق کی جملہ خوبیاں موجود ہیں۔ ضروری ہے کہ حج کے احکام و مسائل عام ہوں تاکہ فریضۂ حج ادا کرنے والے خوش نصیب ہر آن اور ہر لحظہ اپنے حبیب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کر رہے ہوں۔ مولانا محمد اشرف علی قریشی نے راہِ محبت کے راہرؤں کے لیے زیرِ نظر کتاب مرتب کی ہے۔ انھوں نے خانہ کعبہ کی مختصر تاریخ، اہم مقامات، حج کے احکام و مسائل اور ادعیہ ماثورہ نہایت سلیقے سے یکجا کی ہیں۔ امید ہے حجاج اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

(۳)

حضرت ابوبکر صدیقؓ

انجمن تحفظ حقوق اہلِ سنت والجماعت کراچی کی طرف سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے یومِ وفات


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ